بسم اللہ الرحمن الرحیم

قواعد فارسی

مولانا امام علی دانش

ناشر

مکتبہ دانش ڈاکخانہ محمدی ۲۶۲۸۰۴ ضلع لکھیم پور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فارسی زبان سکھانے والا آسان اور مفید رسالہ

قواعد فارسی

مرتب

مولانا امام علی دانش رائے پوری

ناشر

مکتبہ دانش محمدی ضلع لکھیم پور کھیری

Azeem Book Depot Deoband (U. P.

طریقۂ تعلیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَحْدَہٗ وَالصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَّا نَبِیَّ بَعْدَہٗ

اَمَّا بَعْدُ ۔ اس کتاب میں صرف ونحو کے ابتدائی قاعدے ذکر کئے جارہے ہیں ان کو پڑھاتے وقت اگر اساتذۂ کرام ان باتوں کا خیال رکھیں تو انشاء اللہ مفید ہوگا ۔

1. پڑھنے پڑھانے کا مقصد اللہ تعالیٰ کے دین کو سمجھنا ہے تاکہ اس پر عمل کر کے اللہ کی رضا حاصل کی جاسکے ۔
2. جس چیز کی تعریف پڑھائی جائے پہلے اس کی مثالیں اپنی مادری زبان اردو سے دیکر خوب سمجھا کر طالب علم کے ذہن نشین کرانے کی کوشش کی جائے اسکے بعد فارسی مثالیں سمجھائیں ۔
3. جو قاعدہ پڑھایا جائے اس کی مثالیں اتنی زیادہ پوچھی جائیں کہ اندازہ ہوجائے طالب علم نے قاعدہ یاد کرلیا ہے سوالات صرف تمثیلاً ہی لکھے ہیں ۔
4. جہاں تک ہوسکے طلباء کو جماعت وار پڑھایا جائے اور ان کو ھدایت کی جائے کہ پڑھنے کے بعد آپس میں سبق کی تکرار کرتے رہیں ۔
5. اردو سے فارسی ترجمہ کرنے کی تحریری مشق لازمی طور پر کرائی جائے ۔
6. فارسی زبان سکھانے میں زیادہ مدت طالب علم کی صرف نہ کرائی جائے کیونکہ مقصود اصلی قرآن وحدیث وفقہ سمجھنے کیلئے عربی زبان کی تعلیم ہے اللہ توفیق خیر دے ۔

کتبہٗ

امام علی دانش رامپوری عفی عنہٗ

۱۶-۵-۱۴۰۸ ھجری

Azeem Book Depot Deoband (U. P.)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سبق ۱

کلمہ کی قسمیں

کلمہ ۔ معنی دار لفظ کو کہتے ہیں
کلمہ کی تین قسمیں ہیں ۔ اسم ۔ فعل ۔ حرف
اسم ۔ ایسا کلمہ ہے جس کے معنی سمجھ میں آسکیں اس میں کوئی زمانہ نہ پایا جائے جیسے زید ۔ کتاب وغیرہ
فعل ۔ ایسا کلمہ ہے جس کے معنی سمجھ میں آسکیں اور اس میں کوئی زمانہ بھی پایا جائے جیسے کھایا ۔ پڑھا وغیرہ ۔
حرف ۔ ایسا کلمہ ہے جسکے معنی دوسرے کلمہ کو ملائے بغیر سمجھ میں نہ آسکیں جیسے تک ۔ پر وغیرہ
زمانہ تین ہیں ۔ ماضی ۔ حال ۔ مستقبل
ماضی گزرا ہوا زمانہ حال موجودہ زمانہ مستقبل ۔ آنے والا زمانہ ۔

سبق ۲

واحد ۔ ایک جمع ۔ ایک سے زیادہ

ضروری تعریفات ۔ صیغہ ۔ لفظ کو کہتے ہیں جس کی چھ قسمیں ہیں ۔
(۱) واحد غائب ۔ جو ایک ہو سامنے موجود نہ ہو ۔
(۲) جمع غائب ۔ جو ایک سے زیادہ ہوں سامنے موجود نہ ہوں ۔

(۳) واحد حاضر۔ ایک جو سامنے موجود ہو۔

(۴) جمع حاضر۔ ایک سے زیادہ جو سامنے موجود ہوں۔

(۵) واحد متکلم۔ ایک بات کرنے والا۔

(۶) جمع متکلم۔ ایک سے زیادہ بات کرنے والے۔

ضمہ (پیش) مضموم (پیش والا حرف) فتحہ (زبر) مفتوح (زبر والا حرف)

کسرہ (زیر) مکسور (زیر والا حرف)

واو معروف۔ جس سے پہلے ضمہ ہو اور جسے خوب ظاہر کرکے پڑھیں جیسے نور کا واؤ

واو مجہول۔ جس سے پہلے ضمہ ہو اور ظاہر کرکے نہ پڑھیں جیسے شور کا واؤ

یائے معروف۔ وہ یا جس سے پہلے کسرہ ہو اور جسے خوب ظاہر کرکے پڑھیں جیسے نبی کی (ی)

یائے مجہول۔ وہ یا جس سے پہلے کسرہ ہو اور جسے ظاہر کرکے نہ پڑھیں جیسے بڑے کی (ے)

> ھدایت :- جو مصادر استعمال میں آتے جائیں ان کے معانی بھی اساتذہ کرام بتاتے جائیں

سبق ۳

فعل ماضی کی قسمیں

فعل ماضی۔ جس کے معنی میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے جیسے لایا۔

فعل ماضی کی چھ قسمیں ہیں:

(۱) ماضی مطلق (۲) ماضی قریب (۳) ماضی بعید (۴) ماضی استمراری (۵) ماضی احتمالی (۶) ماضی تمنائی۔

سبق ۴

ماضی مطلق کا بیان

ماضی مطلق۔ ایسا فعل ہے جس میں گزرے ہوئے زمانہ میں کیا ہوا کام معلوم ہو جیسے آیا۔

قاعدہ:۔ مصدر کا نون گرانے سے ماضی مطلق کا صیغہ واحد غائب بنجاتا ہے جیسے آمدن سے آمد۔

گردان

لفظ	معنے	صیغہ	علامت
آمد	وہ ایک آیا	واحد غائب	-
آمدند	وہ کئی آئے	جمع غائب	ند
آمدی	تو ایک آیا	واحد حاضر	ی
آمدید	تم کئی آئے	جمع حاضر	ید
آمدم	میں ایک آیا	واحد متکلم	م
آمدیم	ہم کئی آئے	جمع متکلم	یم

سوالات:۔ ۱۔ ماضی مطلق کی گردان بغیر معنی سناؤ ۲۔ ماضی مطلق بنانیکا قاعدہ کیا ہے؟ ۳۔ واحد حاضر کے آخر میں کون حرف ہے ۴۔ واحد متکلم کے آخر کا حرف بتاؤ؟ ۵۔ جمع غائب کے آخر کا حرف بتاؤ؟ ۶۔ جمع متکلم کے آخر میں کون حرف ہے ۷۔ آمدم کے معنی بتاؤ؟ ۸۔ آوردن سے ماضی مطلق بناؤ؟ ۹۔ آمدی کے معنے بتاؤ؟

سبق ۔ ۵

ماضی قریب

ماضی قریب:۔ ایسے فعل کو کہتے ہیں جس سے تھوڑی دیر کا کیا ہوا کام معلوم ہو جیسے. آیا ہے۔

قاعدہ:۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب پر ہ اور است بڑھا دو ماضی قریب کا صیغہ واحد غائب بنجائیگا۔ بقیہ صیغے علامت لگا کر بنا لو جیسے۔

گردان

لفظ	معنے	صیغہ	علامت
آمدہ است	وہ ایک آیا ہے	واحد غائب	ہ است
آمدہ اند	وہ کئی آتے ہیں	جمع غائب	ہ اند
آمدہٗ	تو ایک آیا ہے	واحد حاضر	ہٗ
آمدہ اید	تم کئی آئے ہو	جمع حاضر	ہ اید
آمدہ ام	میں ایک آیا ہوں	واحد متکلم	ہ ام
آمدہ ایم	ہم کئی آئے ہیں	جمع متکلم	ہ ایم

سوالات:۔ ۱۔ ماضی قریب بغیر معنے سناؤ؟ ۲۔ ماضی قریب کسے کہتے ہیں؟ ۳۔ ماضی قریب بنانیکا قاعدہ بتاؤ؟ ۴۔ آمدہ اید کے معنی کیا ہیں؟ ۵۔ آمدہ ایم کے معنی کیا ہیں؟ ۶۔ آمدہ اند کے معنی بتاؤ؟ ۷۔ آمدہ ام کے معنے بتاؤ؟ ۸۔ گفتن سے ماضی قریب بناؤ؟ ۹ آمدہٗ کے معنے بتاؤ؟

سبق ۹

ماضی بعید

ماضی بعید ۔ ایسے فعل کو کہتے ہیں جس میں بہت دنوں کا کیا ہوا کام معلوم ہو جیسے آیا تھا ۔

قاعدہ ۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب کے آخر میں ہ بود لگانے سے ماضی بعید کا صیغہ واحد غائب بن جاتا ہے جیسے آمد سے آمدہ بود ۔

گردان

صیغہ	معنے	لفظ
واحد غائب	وہ ایک آیا تھا	آمدہ بود
جمع غائب	وہ کئی آئے تھے	آمدہ بودند
واحد حاضر	وہ ایک آیا تھا	آمدہ بودی
جمع حاضر	تم کئی آئے تھے	آمدہ بودید
واحد متکلم	میں ایک آیا تھا	آمدہ بودم
جمع متکلم	ہم کئی آئے تھے	آمدہ بودیم

سوالات : ماضی بعید کی گردان بغیر معنی سناؤ ؟ ۲۔ ماضی بعید بنانے کا قاعدہ کیا ہے ؟
۳۔ ماضی بعید کی تعریف بتاؤ ؟ ۴۔ آمدہ بودم کیا صیغہ ہے معنی بتاؤ ؟ ۵۔ آمدہ بودی کے معنی بتاؤ ؟
۶ ۔ گفتن سے ماضی بعید کی گردان سناؤ ؟ ۷۔ آمدہ بودند کے معنے کیا ہیں ؟
۸ ۔ آمدہ بودید کے معنے بتاؤ ؟ ۹ ۔ آمدہ بودیم کے معنے بتاؤ ؟

سبق ۷

ماضی استمراری

ماضی استمراری۔ ایسے فعل کو کہتے ہیں جس میں گزرے ہوئے زمانہ میں کام جاری رہنا پایا جائے جیسے آتا تھا۔

قاعدہ۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب کے شروع میں مَی یا ہَمی بڑھانے سے ماضی استمراری کا صیغہ واحد غائب بن جاتا ہے جیسے آمد سے می آمد۔

گردان

لفظ	معنے	صیغہ
می آمد	وہ ایک آتا تھا	واحد غائب
می آمدند	وہ کئی آتے تھے	جمع غائب
می آمدی	تو ایک آتا تھا	واحد حاضر
می آمدید	تم کئی آتے تھے	جمع حاضر
می آمدم	میں ایک آتا تھا	واحد متکلم
می آمدیم	ہم کئی آتے تھے	جمع متکلم

سوالات۔ ۱۔ ماضی استمراری کی گردان بغیر معنی پڑھو ۲۔ ماضی استمراری بنانیکا قاعدہ کیا ہے؟ ۳۔ ماضی استمراری کسے کہتے ہیں؟ ۴۔ رفتن سے ماضی استمراری بناؤ؟ ۵۔ می رفتم کیا صیغہ ہے معنے بتاؤ؟ ۶۔ می رفتند کیا صیغہ ہے معنی بتاؤ؟ ۷۔ می رفتی کے معنی بتاؤ؟ ۸۔ می رفتید کے معنی بتاؤ؟ ۹۔ می رفتیم کے معنی بتاؤ؟

سبق ۸

ماضی احتمالی

ماضی احتمالی:- ایسے فعل کو کہتے ہیں جسمیں کئے ہوئے کام میں شک معلوم ہو جیسے آیا ہوگا۔

قاعدہ:- ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب پر ہ باشد بڑھانے سے ماضی احتمالی کا صیغہ واحد غائب بنجاتا ہے جیسے آمدسے آمدہ باشد۔

گردان

صیغہ	معنے	لفظ
واحد غائب	وہ ایک آیا ہوگا	آمدہ باشد
جمع غائب	وہ کئی آئے ہونگے	آمدہ باشند
واحد حاضر	تو ایک آیا ہوگا	آمدہ باشی
جمع حاضر	تم کئی آئے ہونگے	آمدہ باشید
واحد متکلم	میں ایک آیا ہونگا	آمدہ باشم
جمع متکلم	ہم کئی آئے ہونگے	آمدہ باشیم

سوالات:- ۱۔ ماضی احتمالی کسے کہتے ہیں؟ ۲۔ ماضی احتمالی بنانے کا قاعدہ بتاؤ؟ ۳۔ ماضی احتمالی کی گردان سناؤ؟ ۴۔ آوردن سے ماضی احتمالی بناؤ؟ ۵۔ آوردہ باشد کے معنے بتاؤ؟ ۶۔ آوردہ باشم کے معنی بتاؤ؟ ۷۔ آوردہ باشیم کے معنے بتاؤ؟ ۸۔ آوردہ باشی کے معنی بتاؤ؟ ۹۔ آوردہ باشید کے معنی کیا ہیں؟

سبق ۹

ماضی تمنّائی

ماضی تمنّائی:۔ ایسے فعل کو کہتے ہیں جس میں گزرے ہوئے زمانہ میں کسی کام کی آرزو ہو جیسے کیا اچھا ہوتا کہ آتا۔

قاعدہ:۔ ماضی مطلق کے آخر میں یائے مجہول بڑھانے سے ماضی تمنائی بن جاتا ہے جیسے آمد سے آمدے۔

(نوٹ) ماضی تمنائی کے صرف تین صیغے آتے ہیں واحد غائب جمع غائب واحد متکلم

گردان

لفظ	معنے	صیغہ
آمدے	کاش کہ وہ ایک آتا	واحد غائب
آمدندے	کاش کہ وہ کئی آتے	جمع غائب
آمدے	کاش کہ میں ایک آتا	واحد متکلم

سوالات

۱۔ ماضی تمنائی کی گردان بغیر معنی سناؤ؟ ۲۔ ماضی تمنائی کسے کہتے ہیں؟
۳۔ ماضی تمنائی کے کتنے صیغے آتے ہیں؟ ۴۔ ماضی تمنائی کے آخر میں کون حرف ہے؟
۵۔ آمدندے کے معنی کیا ہیں۔؟ ۶۔ آمدے کے معنے بتاؤ؟
۷۔ ماضی کی چھ قسمیں کون کون ہیں؟ ۸۔ آمدے کے معنے بتاؤ؟
۹۔ ماضی کی سب قسموں کی گردان پھر سے سناؤ؟

سبق نمبر ۱۰

فعل مضارع

مضارع:۔ وہ فعل ہے جس میں زمانہ موجودہ اور آئندہ دونوں پائے جائیں جیسے وہ آئے۔

(نوٹ) ماضی سے مضارع بنانے کا قاعدہ کوئی متعین نہیں ہے۔

علامت:۔ مضارع کے صیغے واحد غائب کے آخر میں دال ہوگی اس سے پہلے زبر ہوگا اور باقی صیغوں میں دال گر جاتی ہے۔

گردان

لفظ	معنی	صیغہ
آید	وہ ایک آئے	واحد غائب
آیند	وہ کئی آئیں	جمع غائب
آئی	تو ایک آئے	واحد حاضر
آئید	تم کئی آؤ۔	جمع حاضر
آیم	میں ایک آؤں	واحد متکلم
آئیم	ہم کئی آئیں	جمع متکلم

سوالات۔ ۱۔ مضارع کی تعریف بتاؤ؟ ۲۔ مضارع کی پہچان بتاؤ؟ ۳۔ آیم کون صیغہ ہے؟ ۴۔ آئی کون صیغہ ہے ۵۔ آیند کون صیغہ ہے؟ ۶۔ آید کون صیغہ ہے؟ ۷۔ رفتن کے مضارع رود سے تمام صیغے سناؤ؟

سبق ۱۱

فعل حال

حال:- وہ فعل ہے جس میں زمانہ موجودہ پایا جائے جیسے وہ آتا ہے۔
قاعدہ:- مضارع کے شروع میں می یا ہمی بڑھانے سے فعل حال بن جاتا ہے جیسے می آید۔

گردان

لفظ	معنے	صیغہ
می آید	وہ ایک آتا ہے	واحد غائب
می آیند	وہ کئی آتے ہیں	جمع غائب
می آئی	تو ایک آتا ہے	واحد حاضر
می آئید	تم کئی آتے ہو	جمع حاضر
می آیم	میں ایک آتا ہوں	واحد متکلم
می آئیم	ہم کئی آتے ہیں	جمع متکلم

سوالات

۱۔ حال کی گردان بغیر معنی سناؤ؟ ۲۔ حال بنانے کا قاعدہ کیا ہے؟
۳۔ حال اور ماضی استمراری میں کیا فرق ہے؟ ۴۔ حال کسے کہتے ہیں؟
۵۔ ماضی استمراری کسے کہتے ہیں؟ ۶۔ می آیند کے معنی کیا ہیں؟ ۷۔ می آیم کے معنی کیا ہیں؟
۸۔ می آئید کے معنی بتاؤ؟ ۹۔ می آئی کے معنی کیا ہیں؟

سبق ۱۲

فعل مستقبل

مستقبل:- وہ فعل ہے جس میں زمانہ آئندہ پایا جائے جیسے وہ لائے گا

قاعدہ:- ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب کے شروع میں خواہد بڑھانے سے مستقبل کا صیغہ واحد غائب بنجاتا ہے جیسے آمد سے خواہد آمد

گردان

لفظ	معنے	صیغہ
خواہد آمد	وہ ایک آئے گا	واحد غائب
خواہند آمد	وہ کئی آئیں گے	جمع غائب
خواہی آمد	تو ایک آئے گا	واحد حاضر
خواہید آمد	تم کئی آؤ گے	جمع حاضر
خواہم آمد	میں ایک آؤں گا	واحد متکلم
خواہیم آمد	ہم کئی آئیں گے	جمع متکلم

سوالات - ۱- مستقبل کی تعریف بتاؤ؟ ۲- فعل مستقبل کیسے بنایا گیا؟

۳- خواہم آورد کے معنی بتاؤ؟ ۴- خواہیم آورد کے معنی بتاؤ؟

۵- آوردن سے مستقبل بتاؤ؟ ۶- خواہی آورد کے معنی کیا ہیں؟

۷- خواہید آورد کے معنی بتاؤ؟ ۸- خواہند آورد کے معنی کیا ہیں؟

سبق ۱۳

فعل امر

امر:۔ وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے ہونے یا کرنے کی طلب ہو جیسے پڑھ لکھ
قاعدہ:۔ مضارع واحد حاضر کے آخر سے ی گرادو اور آخر کو ساکن کردو اور اس کے شروع میں چاہو تو بّ لگا دو جیسے آئی سے بیا۔
اور بقیہ صیغوں کا کچھ نہ گراؤ بس بّ اور باید کہ لگا دو۔

گردان

لفظ	معنے	صیغہ
باید کہ بیاید	چاہیئے کہ وہ آئے	واحد غائب
باید کہ بیایند	چاہیئے کہ وہ کئی آئیں	جمع غائب
بیا	تو آ	واحد حاضر
بیائید	تم آؤ	جمع حاضر
باید کہ بیائم	چاہیئے کہ میں آؤں	واحد متکلم
باید کہ بیائیم	چاہیئے کہ ہم آئیں	جمع متکلم

سوالات

۱۔ امر کی تعریف سناؤ؟ ۲۔ امر حاضر بنانے کا قاعدہ کیا ہے؟
۳۔ امر غائب اور متکلم بنانے کا قاعدہ بتاؤ؟ ۴۔ بیا کے معنی کیا ہیں؟
۵۔ بیائید کے معنی بتاؤ؟ ۶۔ باید کہ بیایند کے معنی بتاؤ؟ باید کہ بیائم کے معنی کیا ہیں؟

سبق نمبر ۱۴

فعل نہی

نہی :۔ وہ فعل ہے جس میں کسی کام کے نہ کرنے یا نہ ہونے کی طلب ہو جیسے مت جا۔ مت لا۔

قاعدہ :۔ امر حاضر کے شروع کا بَ ہٹا کر مَ بڑھاؤ اور بقیہ صیغوں پر نَ بڑھاؤ جیسے بیا سے میا۔

گردان

لفظ	معنے	صیغہ
نیاید	وہ نہ آئے	واحد غائب
نیایند	وہ نہ آئیں	جمع غائب
میا	تو مت آ	واحد حاضر
میائید	تم مت آؤ	جمع حاضر
نیایم	میں نہ آؤں	واحد متکلم
نیائیم	ہم نہ آئیں	جمع متکلم

سوالات

۱۔ نہی حاضر کیسے بنائی گئی ؟ ۲۔ نہی غائب کیسے بنتی ہے ؟

۳۔ نہی کی گردان بغیر معنی سناؤ ؟ ۴۔ میائید کے معنی کیا ہیں ؟

۵۔ میا کے معنی بتاؤ ؟ ۶۔ فعل کی جتنی گردانیں پڑھی ہیں سب دہراؤ ؟

سبق ۱۵

مثبت، منفی، معروف و مجہول

مثبت:۔ وہ فعل ہے جس میں کرنا یا ہونا پایا جائے جیسے آمد۔ آیا

منفی:۔ وہ فعل ہے جسمیں نہ کرنا یا نہ ہونا پایا جائے جیسے نیامد نہیں آیا

معروف:۔ وہ فعل ہے جسمیں کام کرنے والا ظاہر کیا جائے جیسے آمدہ است آیا ہے۔

مجہول:۔ وہ فعل ہے جس میں کام کرنے والا ظاہر نہ کیا جائے جیسے۔ آوردہ شدہ است لایا گیا ہے۔

قاعدہ:۔ فعل مثبت پر "نہ" لگانے سے فعل منفی بن جاتا ہے۔

قاعدہ:۔ ماضی معروف پر "شد" بڑھانے سے ماضی مجہول پر "شود" بڑھانے سے مضارع مجہول بن جاتا ہے جیسے آورد سے آوردہ شد لایا گیا اور آوردہ شود لایا جائے۔

ھدایت۔ اساتذہ کرام کو چاہیئے کہ چند فعلوں سے مجہول بنا کر مشق کرادیں۔

سبق ۱۶

اسم فاعل و اسم مفعول

اسم فاعل:۔ وہ اسم ہے جو فعل سے نکلے اور فعل کے کرنیوالیکو بتلادے

قاعدہ:۔ امر کے صیغہ واحد حاضر پر "ندہ" بڑھا دو اسم فاعل بنجائیگا جیسے گوینده۔

اسم فعل کی دو قسمیں ہیں قیاسی اور سماعی

قیاسی:۔ وہ ہے جو متعین قاعدہ سے بنایا جائے۔

سماعی:۔ وہ ہے جس کا کوئی خاص قاعدہ متعین نہ ہو۔

اسم مفعول:۔ وہ اسم ہے جو فعل سے نکلے اور جس پر فعل واقع ہولے اس کو بتادے۔

قاعدہ:۔ ماضی مطلق کے صیغہ واحد غائب پر "ہ" زیادہ کرو اسم مفعول بن جائے گا جیسے آوردہ لایا ہوا۔

سبق ۱۷

مفرد و مرکب

معنی دار لفظ کی دو قسمیں ہیں۔ مفرد۔ مرکب

مفرد:۔ وہ اکیلا لفظ ہے جس سے ایک معنی سمجھے جاویں جیسے خالد

مرکب:۔ جو دو کلموں یا زیادہ سے ملکر بنا ہو جیسے خالد آمدہ است

مرکب کی دو قسمیں ہیں ۱۔ مفید ۲۔ غیر مفید

مرکب مفید:۔ وہ ہے جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے جیسے خالد آمدہ است

مرکب غیر مفید:۔ وہ ہے جس سے پوری بات سمجھ میں نہ آوے جیسے غلام خالد (خالد کا غلام)

سبق ۱۸

مرکب غیر مفید کی قسمیں

۱۔ مرکب اضافی:۔ وہ ہے جو مضاف و مضاف الیہ سے ملکر بنا ہو جیسے غلام خالد (خالد کا غلام)

۲۔ مرکب توصیفی:۔ وہ ہے جو صفت و موصوف سے مل کر بنا ہو۔
جیسے کتاب نو (نئی کتاب)

مضاف:۔ وہ اسم ہے جو کسی دوسرے سے لگاؤ رکھے۔

مضاف الیہ:۔ وہ اسم ہے کہ اس سے کسی اسم کا لگاؤ ہو۔

تنبیہ:۔ فارسی۔ عربی میں مضاف پہلے اور مضاف الیہ بعد کو آتا ہے اور اردو میں اس کے الٹا ہوتا ہے۔

صفت:۔ وہ لفظ ہے جس سے کسی اسم کی اچھائی یا برائی معلوم ہو۔

موصوف:۔ وہ ہے جس کی برائی یا بھلائی بیان کی جائے۔

سبق ۱۹

مرکب مفید کی قسمیں

مرکب مفید کو جملہ بھی کہتے ہیں جملہ کی دو قسمیں ہیں جملہ خبریہ اور جملہ انشائیہ

جملہ خبریہ:۔ وہ ہے کہ اس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکیں
جیسے خالد حاضر است۔

جملہ انشائیہ:۔ وہ ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا نہ کہہ سکیں۔
جیسے کتاب بیار۔

جملہ خبریہ کی دو ۲ قسمیں ہیں

۱جملہ اسمیہ: جو دو اسموں سے مل کر بنے جیسے خالد عالم است

۲جملہ فعلیہ:۔ جو فعل و فاعل سے مل کر بنے جیسے۔ خالد آمد۔

سبق ۲۰

اسم ضمیر و اسم اشارہ

ضمایر:- وہ اسم ہے جو غائب یا حاضر یا متکلم کے لئے بنایا جائے جتنے صیغے اتنی ہی ضمیریں ہیں اور پھر انکی کئی قسمیں ہیں جو بڑی کتابوں میں پڑھوگے

اسم اشارہ:- وہ اسم ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کریں

جیسے ایں ۔ (یہ)

سبق ۲۱

گنتیاں

یک۱ . دو۲ . سہ۳ . چہار۴ . پنج۵ . شش۶ . ہفت۷ . ہشت۸ . نہ۹
دہ۱۰ . یازدہ۱۱ . دوازدہ۱۲ . سیزدہ۱۳ . چہاردہ۱۴ . پانزدہ۱۵ . شانزدہ۱۶
ہفدہ۱۷ . ہشردہ۱۸ . نوزدہ۱۹ . بست۲۰ . بست و یک۲۱ . بست و دو۲۲
بست و سہ۲۳ . بست و چہار۲۴ . بست و پنج۲۵ . بست و شش۲۶ . بست و ہفت۲۷
بست و ہشت۲۸ . بست و نہ۲۹ . سی۳۰ . سی و یک۳۱ . سی و دو۳۲ . سہ و سہ۳۳
سی و چہار۳۴ . سی و پنج۳۵ . سی و شش۳۶ . سی و ہفت۳۷ . سی و ہشت۳۸
سی و نہ۳۹ . چہل۴۰ . چہل و یک۴۱ . چہل و دو۴۲ . چہل و سہ۴۳ . چہل و چہار۴۴
چہل و پنج۴۵ . چہل و شش۴۶ . چہل و ہفت۴۷ . چہل و ہشت۴۸ . چہل و نہ۴۹
پنجاہ۵۰ . پنجاہ و یک۵۱ . پنجاہ و دو۵۲ . پنجاہ و سہ۵۳ . پنجاہ و چہار۵۴ . پنجاہ و پنج۵۵
پنجاہ و شش۵۶ . پنجاہ و ہفت۵۷ . پنجاہ و ہشت۵۸ . پنجاہ و نہ۵۹ . شصت۶۰
شصت و یک۶۱ . شصت و دو۶۲ . شصت و سہ۶۳ . شصت و چہار۶۴ . شصت و پنج۶۵

۶۶ شصت و شش ۔ ۶۷ شصت و ہفت ۔ ۶۸ شصت و ہشت ۔ ۶۹ شصت و نہ ۔ ۷۰ ہفتاد
۷۱ ہفتاد و یک ۔ ۷۲ ہفتاد و دو ۔ ۷۳ ہفتاد و سہ ۔ ۷۴ ہفتاد و چہار ۔ ۷۵ ہفتاد و پنج
۷۶ ہفتاد و شش ۔ ۷۷ ہفتاد و ہفت ۔ ۷۸ ہفتاد و ہشت ۔ ۷۹ ہفتاد و نہ ۔ ۸۰ ہشتاد
۸۱ ہشتاد و یک ۔ ۸۲ ہشتاد و دو ۔ ۸۳ ہشتاد و سہ ۔ ۸۴ ہشتاد و چہار ۔ ۸۵ ہشتاد و پنج
۸۶ ہشتاد و شش ۔ ۸۷ ہشتاد و ہفت ۔ ۸۸ ہشتاد و ہشت ۔ ۸۹ ہشتاد و نہ ۔ ۹۰ نود
۹۱ نود و یک ۔ ۹۲ نود و دو ۔ ۹۳ نود و سہ ۔ ۹۴ نود و چہار ۔ ۹۵ نود و پنج ۔ ۹۶ نود و شش
۹۷ نود و ہفت ۔ ۹۸ نود و ہشت ۔ ۹۹ نود و نہ ۔ ۱۰۰ صد ۔

سبق ۲۲

مہینے اور دن

مہینے :- ۱ محرم ۔ ۲ صفر ۔ ۳ ربیع الاول ۔ ۴ ربیع الثانی
۵ جمادی الاولیٰ ۔ ۶ جمادی الاخریٰ ۔ ۷ رجب ۔ ۸ شعبان
۹ رمضان ۔ ۱۰ شوال ۔ ۱۱ ذی قعدہ ۔ ۱۲ ذی الحجہ ۔

دن :- شنبہ ۔ یکشنبہ ۔ دوشنبہ ۔ سہ شنبہ
چہارشنبہ ۔ پنجشنبہ ۔ جمعہ ۔

صفوة المصادر یا آمدنامہ

مصدر	معنے	مضارع	مصدر	معنے	مضارع
(الف)			(الف)		
آمدن	آنا	آید	آفریدن	پیدا کرنا	آفریند
آوردن	لانا	آورد	افسردن	ٹھٹھرنا	افسرد
آختن	تلوار کھینچنا	—	ارزیدن	قیمت پانا برابر ہونا	ارزد
آرمیدن	آرام کرنا	آرمد	آروغیدن	ڈکار لینا	آروغد
آرامیدن	آرام دینا	آرامد	افتادن	گر پڑنا	افتد
آزاریدن	ستانا	آزارد	اوفتادن	"	اوفتد
آزمودن	آزمانا	آزماید	افروختن	روشن کرنا	
آشفتن	پریشان کرنا		افروزیدن		افروزد
آشوفتن	پریشان ہونا	آشوبد	افشاندن	جھاڑنا چھڑکنا	افشاند
آشوبیدن	—	—	افشردن	نچوڑنا	افشارد
آغازیدن	شروع کرنا	آغازد	آگندن	بھرنا	آگند
آغشتن	ملانا	آغازد	آماسیدن	سوجنا	آماسد
آغازیدن	گوندھنا		آویختن	ٹکانا لٹکنا	آویزد
افراختن	بلند کرنا	افرازد	افگندن	ڈالنا پھینکنا	افگند
افرازیدن	"	افرازد	آلودن	آلودہ ہونا	
			آلائیدن	آلودہ کرنا	آلاید

(الف)

مصدر	معنے	مضارع
آمیختن، آمیزیدن	ملنا۔ ملانا	آمیزد
انجامیدن	انجام ہونا پورا ہونا	انجامد
انداختن، اندوزیدن	جمع کرنا	اندوزد
اندیشیدن	سوچنا	اندیشد
اندودن، اندائیدن	لیپنا۔ ملمع کرنا	اندائد
آمرزیدن	بخشنا	آمرزد
آموختن، آموزیدن	سیکھنا۔ سکھانا	آموزد
انباریدن، انباشتن	پاٹنا	انبارد
انداختن، اندازیدن	ڈالنا۔ پھینکنا	اندازد
انگیختن، انگیزیدن	اٹھانا۔ ابھارنا	انگیزد
استادن، ایستادن	کھڑا ہونا	ایستد

(الف)

مصدر	معنے	مضارع
آراستن	سنوارنا	آراید
آسودن	آرام کرنا	آساید
آشامیدن	پینا	آشامد
آگاہیدن	خبردار ہونا	آگاہد
استردن	مونڈنا	-
انگاردن	معلوم کرنا	انگارد

(ب)

مصدر	معنے	مضارع
بایستن	ضروری ہونا۔ چاہیئے	باید
برگشتن	پھرنا	برگردد
برکندن	اکھاڑنا	برکند
باریدن	برسنا	بارد
بافتن، بافیدن	بننا	بافد
برآمدن	نکلنا	برآید
برآوردن	نکالنا	برآورد
برداشتن	اٹھانا	بردارد
برشتن	بھوننا	برزد

(ب)

مصدر	معنی	مضارع
بخشائیدن	بخشنا، رحم کرنا	بخشاید
بخشودن		
بخشیدن		بخشد
بستن	باندھنا	بندد
بوسیدن	چومنا	بوسد
بیختن	چھاننا	بیزد
بازیدن	کھیلنا، ہارنا	بازد
برخاستن	اٹھنا	برخیزد
بالیدن	بڑھنا	بالد
بردن	لے جانا	برد
بریدن	کاٹنا	بُرد
بودن	ہونا، رہنا	باشد، بود
بوئیدن	سونگھنا	بوید

(پ)

مصدر	معنی	مضارع
پرسیدن	پوچھنا	پرسد
پاریدن	ٹکڑے کرنا	پارد
پختن	پکانا	پزد
پذیرفتن	قبول کرنا	پذیرد
پیوستن	ملنا، ملانا	پیوندد

(پ)

مصدر	معنی	مضارع
پرستیدن	پوجنا	پرستد
پریدن	اڑنا	پرد
پرّیدن	کھپرنا	پرّد
پروریدن	پالنا	پرورد
پنداشتن	معلوم کرنا	پندارد
پوشیدن	پہننا، چھپانا	پوشد
پیراستن	سنوارنا	پیراید
پوئیدن	دوڑنا	پوید
پائیدن	ٹھہرنا، دیر کرنا	پاید
پسندیدن	پسند کرنا	پسندد
پیچیدن	لپیٹنا	پیچد
پیمودن	ناپنا	پیماید
پاشیدن	چھڑکنا	پاشد
پندیدن	نصیحت کرنا	پندد
پالودن	صاف کرنا	پالاید
پرداختن	خالی کرنا، مشغول ہونا	
پردازیدن	باز رہنا، سنوارنا	پردازد
پژوہیدن	فکر کرنا، ڈھونڈنا	پژوہد
پرہیزیدن	پرہیز کرنا	پرہیزد
پژمردن	کملانا	ـ

(ت)

مصدر	معنے	مضارع
تپیدن	تڑپنا	تپید
توانستن	سکنا طاقت رکھنا	تواند
تفتن		
تفسیدن	گرم ہونا	تفسد
ترسیدن	ڈرنا	ترسد
تراشیدن	چھیلنا	تراشد
تافتن		
تابیدن	چمکنا۔ پھرنا	تابد
تراویدن	ٹپکنا	تراود
تنیدن	تننا	تند
تاختن		
تازیدن	دوڑنا	تازد
ترکیدن	پھٹنا	ترکد

(ج)

مصدر	معنے	مضارع
جوشیدن	ابلنا	جوشد
جستن		
جوئیدن	ڈھونڈنا	جوید
جَستن	کودنا	جہد
جوہیدن		

(ج)

مصدر	معنے	مضارع
جنگیدن	لڑنا	جنگد
جُنبیدن	ہلنا	جُنبد

(چ)

مصدر	معنے	مضارع
چیدن	چننا	چیند
چشیدن	چکھنا	چشد
چسپیدن	چمٹنا	چسپد
چکیدن	ٹپکنا	چکد
چمیدن	ٹمکنا۔ لچکنا	چمد
چریدن	چرنا	چرد
چربیدن	غالب آنا	چربد

(خ)

مصدر	معنے	مضارع
خفتن	سونا	خسپد
خاریدن	کھجلانا	خارد
خراشیدن	چھیلنا	خراشد
خروشیدن	شور کرنا	خروشد
خزیدن	گھسنا	خزد
خاستن	اٹھنا	خیزد
خائیدن	چبانا	خاید

(خ)

خرامیدن	مٹکنا۔ ٹہلنا	خرامد
خریدن	مول لینا	خرد
خستن	زخمی ہونا۔ زخمی کرنا	-
خوابیدن	سونا	خوابد
خموشیدن	خاموش رہنا	خموشد
خندیدن	ہنسنا	خندد
خواندن	پڑھنا	خواند
خوردن	کھانا	خورد
خوشیدن	سوکھنا	خوشد
خواستن	چاہنا	خواہد
خمیدن	جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا	خمد
خیسیدن	بھیگنا	خیسد
خنبیدن	تالی بجانا	خنبد
خلیدن	چبھونا	خلد

(د)

دادن	دینا	دہد
دیدن	دیکھنا	بیند
دانستن	جاننا	داند
درخشیدن	چمکنا	درخشد

(د)

درفشیدن	کانپنا	درفشد
دزدیدن	چرانا	دزدد
داشتن	رکھنا	دارد
درودن	کھیت کاٹنا	درود
دریدن	پھاڑنا	درد
دوشیدن	دوہنا	دوشد
دمیدن	اگنا آگ پ[illegible]رنا	دمد
دوختن / دوزیدن	سلنا	دوزد
دویدن	دوڑنا	دود

(ر)

راندن	ہانکنا چلانا	راند
رزیدن	رنگنا	رزد
رستن / رہیدن	چھوٹنا	رہد
رسیدن	پہونچنا	رسد
روفتن	جھاڑو دینا	روبد
ریختن / ریزیدن	گرانا	ریزد

(ر)

مصدر	معنی	مضارع
رنجیدن	رنجیدہ ہونا	رنجد
ربودن	لیجانا	رباید
رفتن	جانا۔ چلنا	رود
رمیدن	بھاگنا	رمد
ریدن	ہگنا	رید
رخشیدن	چمکنا	رخشد
رقصیدن	ناچنا	رقصد
ریسیدن	کاتنا	ریسد
رشتن	کاتنا	-

(ز)

مصدر	معنی	مضارع
زادن	جننا	-
زائیدن	جننا	زاید
زدن	مارنا	زند
زیستن	جینا	زید
زاریدن	رونا	زارد
زدودن		
زدائیدن	صیقل کرنا	زداید
زیبیدن	زیب دینا	زیبد

(ژ)

مصدر	معنی	مضارع
ژولیدن	الجھنا	ژولد
ژاژیدن	بیہودہ بکنا	ژاژد

(س)

مصدر	معنی	مضارع
سپردن	سونپنا	سپارد
ستردن	مونڈنا	سترد
ساختن	موافقت کرنا	سازد
سنجیدن	تولنا	سنجد
ستدن	لینا	ستد
ستانیدن	لینا	ستاند
سائیدن	پیسنا	ساید
سودن	گھسنا	
ستودن		-
ستائیدن	تعریف کرنا	ستاید
ستیزیدن	لڑنا	ستیزد
سرائیدن		
سرودن	گانا	سراید
سرشتن	گوندھنا	سرشتد
سزیدن	لائق ہونا	سزد

(س)

مصدر	معنے	مضارع
سگالیدن	اندیشہ کرنا	سگالد
سوختن	جلنا۔جلانا	سوزد
سپوزیدن	چبھونا۔نکالنا	سپوزد
سپوختن	"	"
سفتن	پرونا	-

(ش)

مصدر	معنے	مضارع
شنیدن	سننا	شنود
شنودن	سونگھنا	
شتافتن	دوڑنا	شتابد
شتابیدن		
شپلیدن	سیٹی بجانا	شپلد
شکافتن	چیرنا۔پھاڑنا	شکافد
شگفتن	کھلنا	شگفد
شائستن	لائق ہونا	شاید
شدن	ہونا۔جانا	شود
شکستن	ٹوٹنا۔توڑنا	شکند
شکوخیدن	ٹھوکر کھانا	شکوخد
شکیبیدن	صبر کرنا	شکیبد

(ش)

مصدر	معنے	مضارع
شمردن	گننا	شمارد
شوریدن	شور کرنا	شورد
شاشیدن	پیشاب کرنا	شاشد
شیفتن	فریفتہ ہونا	شیابد
شناختن	پہچاننا	شناسد
شستن	دھونا	شوید

(ط)

مصدر	معنے	مضارع
طپیدن	بیقرار ہونا	طپد
طلبیدن	طلب کرنا	طلبد
طرازیدن	نقش کرنا	طرازد

(غ)

مصدر	معنے	مضارع
غنودن	اونگھنا	غنود
غریدن	شور کرنا	غرد
غرلویدن	شور کرنا	غرلوید
غلطیدن	لڑھکنا	غلطد
غارتیدن	لوٹنا	غارتد

(ف)

مصدر	معنے	مضارع
فرستادن	بھیجنا	فرستد
فرمودن	فرمانا	فرماید
فروختن		
فروشیدن	بیچنا	فروشد
فرسودن		
فرسائیدن	گھسنا	فرساید
فراختن		
فراشتن	بلند کرنا	فرازد
فرود آمدن	اترنا	فرود آید
فشاردن	نچوڑنا	فشاردن
فہمیدن	سمجھنا	فہمد
فرماندن	عاجز رہنا	فرماند
فتادن	گرنا، پڑنا	فتد
فریفتن	فریب دینا	فریبد
فزودن	زیادہ کرنا زیادہ ہونا	فزاید
فشاندن	جھاڑنا	فشاند
فگندن	ڈالنا	فگند

(ک)

مصدر	معنے	مضارع
کشیدن	کھینچنا	کشد
کشادن	کھولنا	کشاید
کاستن		
کاہیدن	گھٹنا	کاہد
کاویدن		
کافتن	کھودنا	کاود
کوشیدن	کوشش کرنا	کوشد
کندیدن	کھودنا	کندد
کاشتن	بونا	کارد
کردن	کرنا	کند
کشتن	مار ڈالنا	کشد
کفیدن	پھٹنا	کفد
کندن	کھودنا	کند
کوفتن		
کوبیدن	کوٹنا	کوبد

(گ)

مصدر	معنے	مضارع
گداختن	پگھلنا پگھلانا	گدازد
گزرانیدن	گزارنا	گزراند

(گ)

مصدر	معنی	مضارع
گرائیدن	رغبت کرنا	گراید
گرویدن		
گردیدن	پھرنا	گردد
گریستن	رونا	گرید
گزاردن	اداکرنا	گزارد
گزیدن	قبول کرنا	گزیند
گزیدن	کاٹ کھانا	گزد
گستردن	بچھانا	گسترد
گسترانیدن		
گرفتن	پکڑنا. لینا	گیرد
گفتن	کہنا	گوید
گذاشتن	چھوڑنا	گذارد
گذشتن	گزرنا	گذرد
گریختن	بھاگنا	گریزد
گریزیدن		
گنجیدن	سمانا	گنجد
گشتن	پھرنا	گردد
گماشتن	مقرر کرنا	گمارد
گماردن		

(گ)

مصدر	معنی	مضارع
گسستن		
گسلیدن	توڑنا	گسلد
گواریدن	ہضم کرنا	گوارد

(ل)

مصدر	معنی	مضارع
لرزیدن	کانپنا	لرزد
لغزیدن	پھسلنا	لغزد
لیسیدن	چاٹنا	لیسد
لوکیدن	گھٹنے کے بل چلنا	لوکد
لافیدن	فضول بکنا	لافد
لائیدن	شور کرنا بھونکنا	لاید

(ن)

مصدر	معنی	مضارع
نازیدن	نازکرنا	نازد
نشستن	بیٹھنا	نشیند
نگرستن	دیکھنا	نگرد
نمودن	دکھلانا. کرنا	نماید
نکوہیدن	براکہنا	نکوہد

(ن)

مصدر	معنے	مضارع
نوشتن نوردیدن	لپٹنا	نوردد
نبشتن نویسیدن	لکھنا	نویسد
نگاشتن نگاردن	نقش کرنا	نگارد
نواختن نوازیدن	نوازنا سنوارنا	نوازد
نوشیدن	پینا	نوشد
نہادن	رکھنا	نہد
نہفتن	چھپنا چھپانا	نہفد
نیوشیدن	سننا	نیوشد
نالیدن	شور کرنا	نالد
نامیدن	نام رکھنا	نامد

(و)

مصدر	معنے	مضارع
ورزیدن	اختیار کرنا	ورزش
وزیدن	ہوا کا چلنا	وزد
واخیدن	ڈھکنا	واخد
ورغلانیدن	بہکانا	ورغلاند

(ہ)

مصدر	معنے	مضارع
ہشتن ہلیدن	چھوڑنا چھنوڑنا	ہلد
ہراسیدن	ڈرنا	ڈرنا

(ی)

مصدر	معنے	مضارع
یارستن یافتن	طاقت رکھنا پانا	یارد یابد

تمت

والحمد للہ رب العالمین

"امام علی دانش عفی عنہ"

دائیوڑی

کتبہ سید زاہد دیوبندی

عقیدہ وعمل درست کرنے کے لئے کچھ مفید کتابیں

جو آپ ہم سے طلب کر سکتے ہیں

مختصر سیرت پاک سیرۃ پاک کے جلسوں، تبلیغی اجتماعات اور مدارس میں پڑھنے کے قابل مفید کتاب قیمت ۴/ روپے

اصلاحی تقریریں ایمان واسلام، ارکان اسلام، محسن اعظم عیدین، توبہ واستغفار، دعا کی اہمیت، نکاح مسنونہ تعلیم وتبلیغ دین، اسلام کی فریاد، اچھے برے فقیر، علماء کا منصب اور ذمہ داری، اور نئی تقریر بدعت، اور بدعتی جیسے موضوعات پر مولانا امام علی دانش صاحب کی ایمان افروز تقاریر کا دل کش مجموعہ قیمت -/۷ روپے

حق پر کون ہے؟ بریلوی حضرات یا دیوبندی حضرات کے مکمل عقائد کی نشاندہی مستند تحریری حوالوں کے ساتھ قیمت -/۶

قرآن پر ظلم اعلیٰ حضرت کی کنز الایمان اور تفسیر نعیمیہ کی ان تحریفات کی تردید جن کی وجہ سے علمائے عرب نے اس تفسیر پر پابندی لگائی

باطل شکن دیوبندی اور بریلوی علماء کے مابین (دلیپا کلاں) ہوئے ایک مناظرہ کی مکمل روداد قیمت -/۵۰ روپے

اسلام اور شیعہ مذہب شیعہ مذہب ایک خود ساختہ خانہ ساز مذہب ہے یہی بات قرآن وحدیث سے ثابت کی گئی ہے مکمل ثبوت اور حوالوں کے ساتھ عکسی ایڈیشن قیمت -/۵ روپے

فیصلہ کن مباحثہ آذان کے بعد دوسری آذان اور ندائے "یارسول اللہ" کا شرعی حکم کیا ہے؟ قیمت -/۵ روپے

زلزلہ پر زلزلہ ارشد القادری کی تحریر کردہ کتاب زلزلہ پر ایک طائرانہ نظر قیمت -/۱ ایک روپیہ۔

توحید کا خنجر ارشد القادری کی تحریر کردہ زلزلہ اور زیر و زبر کا مکمل و مدلل جواب۔ بریلی کے نئے دین کی حقیقت قرآن و حدیث کی روشنی میں، عقیدہ علم وغیب پر سیر حاصل گفتگو قیمت -/۱۸ آنہ

تحقیق مذاہب مولانا اسمٰعیل شہیدؒ کی مشہور کتاب صراط مستقیم پر کئے گئے اعتراضات اور دیگر علمائے دیوبند پر لگائے گئے الزامات کا مکمل و مفصل جواب۔ کتاب میں اعلیٰ حضرت کا وصیت نامہ بھی شامل ہے جو دیکھنے کی چیز ہے۔ قیمت ۴/۵۰

کفر و ایمان کی کسوٹی حضرت مولانا محمد قاسم نانوتویؒ۔ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، مولانا خلیل احمدؒ اور مولانا اشرف علی تھانویؒ پر کئے گئے اعتراضات اور لگائے گئے فتاویٰ کا مکمل رد۔ خود بریلوی حضرات کے قلم سے۔ قیمت -/۲ روپے

مولانا تھانویؒ اور اعلیٰ حضرتؒ بریلوی مولانا تھانویؒ کی کتاب "حفظ الایمان" پر کیئے گئے اعتراضات کا جواب اور اعلیٰ حضرت کی ایمان سوز تحریریں مستند حوالوں کے ساتھ -/۶

"نعتیہ کلام میں پڑھیے"

پھول ہی پھول ۱/۵۰ اسلام ہی سلام -/۱ حمد و سلام اور منتخب نعتیں ۴/۵۰

"مکتبہ دانش محمدی ٹھیری لکھیم پور یوپی"

یہ کتابیں آپ "عظیم بکڈپو دیوبند" سے بھی منگوا سکتے ہیں۔